جبکہ فروز کا یہ سن کر دل کر رہا تھا کہ وہ بھنگڑے ڈالے کہ وہ اپنے مقصد میں کامیاب ہو گیا وہ بھی بغیر کچھ کرے

بیٹے میرا مقصد آپ کا دل دکھانا نہیں تھا مگر میں مجبور ھوں

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Wajah Tum ho| By Malisha Rana (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

امید کرتا ھوں کہ آپ میری بات سمجھ رہے ھو

مزمل صاحب نے کہا تو فضا نے نم آنکھوں کے ساتھ ان کی طرف دیکھا اور پھر بولی

کوئی بات نہیں انکل یہ فیصلے تو اللہ کے ھیں ہم تو صرف کوشش کر سکتے ھیں

معافی چاھوں گی کہ آپ کا وقت ضائع کیا اب اجازت دیں

فضا کہہ کر اٹھ گئی اور پھر اللہ حافظ کہہ کر باہر نکل گئی جبکہ فروز بھی مسکرا کر فضا کے پیچھے چل پڑا

اس بات سے انجان کے ہم چاھے لاکھ کسی کا برا کرنا چاہیں مگر اللہ وہ تو سب کے ہیں نا

وہ کیسے ہمارا برا ھونے دیں گے

مگر یہ بات فروز کو کیسے پتہ ھوگی جو کہ صرف حسد کرنا جانتا ھے

فضا جب سے گھر آئی تھی اپنے کمرے میں بیٹھی روے جا رہی تھی جبکہ فروز اسے جھوٹ موٹ چپ کروانے کی کوشش کر رہا تھا اور یہ ثابت کر رہا تھا کہ وہ بھی بہت دکھی ھے

مگر یہ بات تو صرف اللہ جانتے تھے کہ وہ کس طرح منافقت کر رہا تھا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Wajah Tum ho| By Malisha Rana (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ابھی فضا روہی رہی تھی کہ اچانک احمد کمرے میں داخل ھوا

آپی کیا ھوا آپ رو کیوں رہی ھیں

سب ٹھیک تو ھے نا

احمد بھاگ کر فضا کے پاس آ کر بولا

فروز بھائی آپ بتائیں کہ کیا ھوا ھے جو آپی اس طرح رو رہی ھیں

حالانکہ آپ لوگ تو حور کے گھر گئے تھے

فضا سے کچھ بولا ہی نہیں جا رہا تھا تو احمد نے فروز سے وجہ پوچھی

وہ احمد

اصل میں ہم جب حور کے گھر گئے تو انھوں نے کہا کہ حور کی کل منہدی ھے ہم نے دیر کر دی آنے میں

اور رشتے سے انکار کر دیا

فروز نے دکھی سا چہرا بنا کر کہا جبکہ احمد کا چہرہ ایک دم سے سرخ ھو گیا

احمد مجھے معاف کر دو میں تمہاری خواہش پوری نہیں کر سکی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

فضا روتے ھوئے بولی جبکہ احمد غصے سے بولا کہ

خواہش تو میری اب بھی پوری ھو گی آپی

عزت راس نہیں آئی نا انھیں

ٹھیک ھے ایسے تو ایسے سہی اب میں وہ کروں گا جو انھوں نے کبھی سوچا بھی نہیں ھو گا

آپ کو رلایا نا انھوں نے اب خود روئیں گے وہ

تم ایسا کچھ نہیں کرو گے احمد

فضا نے احمد کو روکنا چاہا مگر احمد سرخ آنکھوں سے بولا

میں ایسا ہی کروں گا اور آپ مجھے روکیں گی نہیں آپی

ان لوگوں کے ساتھ ایسا ہی کرنا چاھئے

احمد نے غصے سے کہا اور اٹھ کر باہر نکل گیا

جبکہ فضا اپنا سر پکڑ کر بیٹھ گئی کیونکہ وہ جانتی تھی احمد کے بارے میں کہ وہ کس حد تک جا سکتا ھے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

احمد غصے سے اپنے کمرے میں گیا اور حور کو کال کی

حور جو ابھی ٹھیک سے خوش بھی نہیں ھو پائی تھی کہ اس کی جان اب احمد سے چھوٹ گئی ھے

مطلب اس کی بہن اس کی شادی کہیں اور کروادے گی

اف کتنی بے وقوف ھے حور)

احمد کو سمجھتی کیا ھے وہ محبت کرتا ھے اس سے وہ بھی جنون کی حد تک

تو اب کیسے اسے چھوڑ کیسے سکتا ھے (

اچانک احمد کی کال اپنے موبائل پر آتی دیکھ کر حور ڈر گئی پہلے تو دو تین بار کال کاٹ دی مگر پھر جب احمد بار بار کال کرتا رھا تو ناچار کال پک تو کر لی مگر بولی کچھ نہیں

یہ کیا بکواس ھے حور

تم شادی کر رہی ھو

احمد غصے سے دھاڑا جبکہ بھی غصے سے بولی

ھاں کر رہی ھوں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور ضرور کروں گی

تم ھوتے کون ھو مجھ پر غصہ کرنے والے دوبارہ مجھے کال مت کرنا

سمجھ آئی

حور نے غصے سے کہا اور کال کاٹ دی جبکہ احمد نے غصے میں موبائل زمین پر پٹخ دیا

بس حور بہت ھو گیا

تم میری محبت کو ضد بنا رہی ھو

ٹھیک ھے تو پھر ایسے ہی سہی

اب تمھیں پتہ چلے گا کہ میں کون ھوں

احمد نے حور کا تصور کرتے ہوئے کہا اور پھر غصے میں گھر سے باہر نکل گیا

آج حور کی مہندی تھی جو کہ بہت سادگی سے کی جا رہی تھی کیونکہ یہ حور نے کہا تھا کہ وہ سادگی سے شادی کرنا چاہتی ھے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس لئے صرف حور کی کچھ دوستیں اور مزمل صاحب کے کچھ بہت عزیز لوگ ہی انوایٹ تھے

صلہ بار بار حور کو حمزہ کے نام سے چھیڑ رہی تھی مگر حور کسی گہری سوچ میں تھی اس لئے صرف ھوں ھاں میں ہی جواب دیتی

حور یہ سوچ سوچ کر حیران تھی کہ احمد نے ابھی تک کچھ کیا کیوں نہیں

چپ چاپ کیوں بیٹھا ھے حالانکہ وہ چپ رہنے والوں میں سے تو بالکل بھی نہیں ھے

اسی سوچ میں مہندی کا دن گزر گیا

آج کیونکہ نکاح تھا اس لئے معمول سے زیادہ افراتفری تھی سب اپنے اپنے کاموں میں لگے ھوئے تھے مگر

حور اپنی ہی سوچوں میں گم تھی

کہ اچانک صبا بیگم کمرے میں داخل ھوئیں

حور بیٹے آپ ابھی تک تیار کیوں نہیں ھوئی باہر مہمان آرھے ھیں بیٹے اور آپ کا فون کیوں بند ھے

صلہ کی ابھی کال آئی ھے وہ کہ رہی ھے کہ تھوڑی دیر ھو جائے گی اسے آنے میں

اور بیٹے آپ بھی جلدی سے تیار ھو جاؤ میں رضوانہ کو بھیجتی ھوں تاکہ وہ آپ کی مدد کر دے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

صبا بیگم مسکرا کر بولیں جبکہ حور نے سر ہلا دیا تو وہ باہر نکل گئیں

اس بات سے انجان کہ جس رضوانہ کو وہ حور کی مدد کے لئے بھیج رہی ھیں وہ کسی اور کی ہی مدد کر رہی ھے

اللہ میں کیوں سوچ رہی ھوں اس سائیکو کے بارے میں

کیا پتہ اسے عقل آ گئی ھو اس لیے ابھی تک کچھ نہیں کیا

مگر وہ اتنی جلدی کیسے بدل سکتا ھے وہ بھی اس جیسا چپکو سائیکو

نہیں وہ ضرور کوئی پلیننگ کر رھا ھے

ھائے اللہ

آپ پلیز اس سائیکو کو عقل دے دیں تاکہ وہ میری جان چھوڑ دے ہمیشہ کے لئے

حور نے دونوں ھاتھوں کو پھیلا کر سچے دل سے دعا کی اور پھر اپنے کپڑے اٹھا کر باتھ روم میں چلی گئی جبکہ رضوانہ حور کے کمرے میں آئی اور اس کے کمرے کی کھڑکی کھول کر باہر نکل گئی

تاکہ احمد اندر آ سکے احمد نے رضوانہ کو کچھ پیسے دے کر اپنی وفادار بندی بنا لیا تھا اس لئے وہ جان بوجھ کر ہمیشہ حور کے کمرے کی کھڑکی کھول دیتی تھی اور حور کے بارے میں ہر خبر وہ احمد تک پہنچاتی تھی

اب بھی احمد کے ہی کہنے پر ایسا کیا تھا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

رضوانہ نے باہر جا کر احمد کو کال کی تو احمد جو اسی انتظار میں حور کے گھر کے باہر موجود تھا چھپتے چھپاتے حور کے کمرے میں داخل ھو گیا اور حور کا ویٹ کرنے لگا

احمد کو زیادہ انتظار نہیں کرنا پڑا کیونکہ اگلے پانچ منٹ میں اسے باتھ روم کے دروازے کے کھلنے کی آواز سنائی دی تو اس نے حور کے باہر نکلتے ہی اسے پکڑا اور زور سے دیوار کے ساتھ لگا دیا جس سے حور کی ہلکی سی چیخ نکل گئی مگر پھر احمد کو اپنے سامنے دیکھ کر حور شوکڈ ھو گئی اور آنکھیں کھولے بس احمد کو ہی دیکھے گئ

معمول سے زیادہ بڑھی ہوئی شیو سرخ آنکھیں بکھرے بال اور سلوٹ زدہ لباس

تمہاری ہمت کیسے ھوئی کہ تم مجھے چھوڑ کر اس حمزہ سے شادی کرنے والی ھو

تم کیسے کر سکتی ھو ایسے حور

میری محبت کو ٹھکرانے کی تم نے ہمت بھی کیسے کی

مجھ پر

رانا احمد پر تم اس حمزہ کو فوقیت دے رہی ھو

مجھے چھوڑ کر اس کے ساتھ جا رہی ھو

کیوں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیوں کیا تم نے ایسا ھاں

کیوں

احمد اس وقت کوئی جنونی مجنوں ہی لگ رہا تھا جو حور کو جھنجھوڑ جھنجھوڑ کر اس سے جواب مانگ رہا تھا مگر حور آ

نکھیں بند کیے

بس کانپے جا رہی تھی

ٹھیک ہے حور

تم نے اپنی مرضی کی اب میں اپنی مرضی کروں گا اگر تم میری نہیں ھو سکتی تو پھر تمہیں کسی اور کا کیسے ھونے

دوں

احمد نے کہ کر اپنی جیکٹ سے گن نکالی اور حور کے سر کر رکھ دی

جبکہ حور نے اپنے سر پر کسی چیز کا دباؤ محسوس کیا تو فوراً آنکھیں کھول دیں مگر پھر گن کو دیکھ کر بہت زیادہ ڈر

گئی

تو حور اب بتاؤ

میرے ساتھ زندگی گزارنا چاہتی ھو یا میرے ساتھ اس دنیا کو ہمیشہ کے لئے چھوڑنا چاہتی ھو

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جلدی جواب دو حور

ت۔۔۔۔۔تم

ای۔۔۔۔۔ایسے نہیں ک۔۔۔۔۔کر سکتے

یول۔۔۔۔۔لومی

حور کانپتے ہوئے بولی

جس سے احمد کرب سے مسکرایا اور پھر بولا

ھاں

کرتا ھوں تم سے محبت بہت محبت کرتا ہوں

مگر تم نے کیا کیا

ھاں

انسلٹ کی میری محبت کی ٹھکرایا میری محبت کو اور

اور اس حمزہ سے شادی کر رہی ھو

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اب ایسے تو نہیں ھوتا نا حور

چلو جلدی سے اپنا فیصلہ سناؤ

تاکہ پھر میں عمل کرو

احمد آہستہ آہستہ سے سے بولتے ھوئے گن سے حور کے بالوں کو پیچھے کر رھا تھا

جس سے حور ڈر کر رونے لگی اور پھر بہت آہستہ سے بولی

م۔۔۔میں تیار ھ۔۔۔ھوں

حور جلدی سے بولی اس سوچ کے ساتھ کے اگر ایک دفعہ وہ باہر سب کے پاس چلی گئی تو اپنی بات سے مکر جائے گی اور احمد کو جیل کروادے گی

مگر یہ صرف اس کی سوچ تھی کیونکہ احمد حور کی سوچ سے مکمل طور پر واقف تھا

لیکن بیچاری حور

اف کتنی معصوم تھی وہ

کس چیز کے لیے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

احمد نے حور کو غور سے دیکھ کر کہا جیسے اس کی سوچ سے واقف ہو

ت۔۔۔۔۔تم سے شا۔۔۔۔۔شادی کے لئے

حور نے کہ کر آنکھیں زور سے بند کر لیں جبکہ احمد حور کو دیکھ کر ہلکے سے مسکرایا

گڈ

اچھا فیصلہ کیا تم نے

چلو باہر مولوی صاحب آ گئے ہوں گے

احمد نے کہ کر گن اپنی جیکٹ میں ڈالی اور حور کے کانپتے ہوئے ہاتھ کو پکڑ کر باہر ہال میں آ گیا جبکہ حور بھی احمد کے ساتھ کھینچتی چلی گئی

جب احمد اور حور ہال میں پہنچے تو سب مہمان آ چکے تھے اور مولوی صاحب بھی موجود تھے

حور کے ساتھ احمد کو دیکھ کر وہاں موجود سبھی لوگ شوکڈ ہو کر انہیں دیکھ رہے تھے جب مزمل صاحب اٹھ کر حور کے پاس آئے اور حور کے ہاتھ کو احمد کے ہاتھ سے کھینچ کر نکالا

اور حور تو جیسے اسی کا انتظار تھا بھاگ کر مزمل صاحب کے پیچھے چھپ گئی اور بولنے لگی

بابا آپ پلیز جلدی سے پولیس کو کال کریں اس گنڈے کے پاس گن ہے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Wajah Tum ho| By Malisha Rana (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ی۔۔۔یہ مجھے ما۔۔۔۔۔مارنے آیا ھے

اس سے وہ گ۔۔۔۔۔گن چھین لیں بابا

حور کے اس طرح کرنے سے احمد کو بہت تکلیف ھوئی مگر اس وقت اسے دماغ سے کام لینا تھا اس لئے بھاگ کر حمزہ کے پاس گیا اور اس کے گلے کو دبوچ کر سر پر گن رکھ دی

تو مسٹر حمزہ ایک فیصلہ کر لو

تم حور سے شادی کر کے میرے ھاتھوں مرنا چاہتے ھو یا حور کو ہمیشہ کے لئے چھوڑ کر زندہ رہنا چاہتے ھو

جلدی سے جواب دو مجھے

احمد دانت پیستے ہوئے بولا جبکہ حمزہ تو اس اچانک حملے پر ہی بوکھلا گیا تھا

اور پھر احمد کی دھمکی اسے اور خوفزدہ کر رہی تھی اس لئے وہ جلدی سے بولا

بھئی مجھے مرنا نہیں ھے

کر لو تم جو حور کے ساتھ کرنا ھے بس مجھے چھوڑ دو

حمزہ کے اس طرح کہنے سے مزمل صاحب اور حور حیران رہ گئے جبکہ احمد طنز سے مسکرایا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دیکھ لیا حور

تم ایسے انسان سے شادی کر رہی تھی جو تمہاری حفاظت تک نہیں کر سکتا

اس ڈرپوک کو تم مجھ پر فوقیت دے رہی تھی

چلو اچھا ھے کہ تمہیں پتہ چل گیا کہ تمہارے لئے کون بہتر ھے

تو مولوی صاحب جلدی سے ہمارا نکاح کروانا شروع کریں تاکہ ہم یہاں سے جا سکیں

احمد نے حور کو دیکھ کر کہا جو کہ مزمل صاحب کے پیچھے چھپنے کی کوشش کر رہی تھی جیسے وہ اس طرح احمد سے بچ جائے گی

مولوی صاحب آپ کو لگتا ھے میری بات سمجھ نہیں آئی

احمد نے غصے سے کہا تو مولوی صاحب نے نکاح پڑھنا شروع کیا

احمد نے مسکرا کر قبول ھے کہا جبکہ جب حور سے قبول ھے پوچھا گیا تو وہ چپ تھی

حور

مولوی صاحب کچھ پوچھ رھے ھیں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جواب دوانھیں

احمد نے دانت پیستے ہوئے کہا تو حور نے بھی ڈر کر قبول ھے کہ دیا

اور اس طرح آج حور ہمیشہ کے لئے احمد کی ھو گئی

احمد اس بات پر جتنا خوش تھا حور اتنی افسردہ

وہ بس شوکڈ سی بیٹھی سمجھنے کی کوشش کر رہی تھی کہ یہ اچانک ھوا کیا ہے

جبکہ سبھی مہمان آپس میں باتیں کر رہے تھے کچھ حور کو برا کہ رھے تھے تو کچھ اس کے خاندان کو

احمد نے کچھ دیر تو سب برداشت کیا پھر غصے سے دھاڑا

آپ سب یہاں سے جا سکتے ھیں

کیونکہ آپ جیسے لوگوں کی یہاں کوئی ضرورت نہیں ہے باقی جو چغلیاں رہ گئی ھیں نا وہ اپنے گھر جا کر کر یے گا

اور حور چلو ہمیں گھر جانا ھے

احمد نے حور کے ھاتھ کو پکڑ کر کھینچا تو وہ اچانک ھوش میں آ کر بولی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

چھ۔۔۔۔۔ چھوڑو مجھے

ب۔۔۔۔ بابا مجھے ن۔۔۔۔ نہیں جانا اس کے سا۔۔۔۔ ساتھ

حور چیخ کر مزمل صاحب سے بولی جبکہ وہ خاموشی سے اسے جاتا دیکھتے رہے

احمد نے زبردستی حور کو گاڑی میں بیٹھایا اور گاڑی سٹارٹ کر دی جبکہ حور زور زور سے رونے لگی

راستے سارے پہلے تو حور روتی رہی پھر سوچا کہ اس طرح تو وہ احمد کے سامنے کمزور ثابت ھو گی

اور وہ کمروز ہی نہیں بننا چاہتی تھی

اسی خیال کے تحت اس نے اپنے آنسو صاف کیے اور باہر سڑک کی طرف رخ موڑ کر بیٹھ گئی

احمد نے حور کی اس حرکت کو نوٹ کیا اور ہلکا سا مسکرا دیا

وہ بظاہر تو گاڑی ڈرائیو کر رہا تھا مگر مکمل دھیان حور کی طرف تھا

(اف یہ محبت)

گھر آ گیا ھے حور

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

چلو اندر

احمد نے گاڑی اپنے گھر کے آگے روکی اور خود باہر نکل کر حور کی طرف کا دروازہ کھولا

انھیں یہاں آتے ھوئے رات ھو گئی تھی کیونکہ شام کو تو وہ وہاں سے نکلے تھے اور پھر احمد ڈرائیو بھی سلو سلو کر رہا تھا کہ زیادہ وقت وہ حور کے ساتھ گزار سکے

مجھے نہیں جانا

حور ترچھی نظر احمد پر ڈال کر بولی

لہجے سے نفرت صاف ظاہر تھی

یہ ڈرامے تم ہمارے کمرے میں کر لینا یا پھر کل

ابھی اندر چلو

کیونکہ مجھے بہت نیند آرہی ہے ویسے بھی دو دنوں سے سویا نہیں ھوں اس لیے اب سکون سے سونا چاہتا ھوں

احمد ہکلا سا حور کی طرف جھک کر بولا

جس سے حور خود میں ہی سمٹ گئی مگر بولی کچھ نہیں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پہلے تو احمد نے کچھ دیر حور کا انتظار کیا مگر جب حور اپنی جگہ سے نہ ٹس سے مس نہ ھوئی

تو پھر احمد نے گہرا سانس لیا اور حور کا ھاتھ پکڑ کر اسے باہر نکالا

احمد کے اس طرح ھاتھ پکڑنے سے حور اچانک ھوش میں آئی اور پھر نفرت سے اپنا ھاتھ احمد کے ھاتھ سے کھینچ کر نکالا

آہ

حور کے اس طرح کرنے سے اس کے اپنے ھاتھ پر ہی چوٹ لگ گئی اور منہ سے ہلکی سی کراہ نکلی

اف پاگل ھو تم بالکل حور

لگ گئی نا چوٹ

احمد پریشانی سے حور کی طرف بڑھا مگر حور غصے سے بولی

تمہاری ہمت کیسے ہوئی مجھے ھاتھ لگانے

ھاں

دوبارہ اگر میرے پاس بھی آے نا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

توجان سے ماردوں گی تمہیں اور اگر تمہیں کچھ نہ کر سکی تو خود کی جان لے لوں گی

حور غصے سے پھنکاری

اوکے ریلیکس حور

نہیں کروں گا کچھ لیکن پلیز تم گھر کے اندر چلو

احمد نے حور کو دیکھا اور پھر ہلکے سے بولا

احمد کو حور کا اس طرح اپنا ہاتھ چھڑوانا اور پھر اس طرح کی باتیں اچھی تو نہیں لگی تھیں مگر وہ اس وقت کوئی تماشا نہیں چاہتا تھا اور پھر حور کی ناراضگی بنتی بھی تھی

آخر احمد نے بھی تو اس کے ساتھ ٹھیک نہیں کیا تھا اسی خیال کے تحت وہ چپ رہا

حور نے احمد کی بات سنی اور پھر بغیر اسے دیکھے اندر کی طرف چل پڑی

تو احمد بھی مسکرا کر اس کے پیچھے چل دیا

ابھی وہ دونوں حال میں ہی پہنچے تھے کہ اچانک فروز اور فضاان کے سامنے آ گئے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

احمد یہ

فضانے احمد کے ساتھ حور کو دیکھا تو حیرانگی سے بولی

آپی میں آپ کو سب کچھ بتاتا ھوں لیکن پہلے پلیز کچھ کھانے کے کو دے دیں اور حور تم جاؤ کمرے میں

فلور پر لفٹ سائیڈ کا فرسٹ روم ہمارا ھے تم جاکر فریش ھو جاؤ پھر دونوں مل کر کھانا کھائیں گے 2

احمد نے حور کو یہاں سے بھیجنا چاھاتا کہ وہ فضا اور فروز سے بات کر سکے

مگر کہنے کا انداز ایسا تھا جیسے دونوں میں بہت محبت ھو اور ابھی ابھی لو میر یج کر کے آرھے ھوں

ویسے لو میریج تھی بھی مگر صرف احمد کی طرف سے کیونکہ حور کی طرف سے تو یہ صرف شادی بھی نہیں تھی

کیونکہ بقول حور کے گن پوائنٹ پر ھوئی شادی شادی نہیں ھوتی

حور بھی یہاں سے جلد از جلد جانا چاہتی تھی اس لئے چپ چاپ احمد کی بات سنی اور سیڑھیاں چڑھنے لگی

جبکہ احمد فضا کو آنے کا اشارہ کرتے ھوئے سامنے موجود گسٹ روم میں چلا گیا تو فضا اور فروز بھی اس کے پیچھے چل پڑے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آپی آپ کو پتہ تو ھے کہ میں حور کے بغیر نہیں رہ سکتا تھا اس لئے میں نے اس سے شادی کر لی

مگر کیسے احمد حور کا آج نکاح ھو رہا تھا کسی اور سے تو تم کیسے اس سے شادی کر سکتے ھو اور وہ بھی یوں اکیلے مجھے یا فروز کو بتانے کی تم نے ضرورت بھی محسوس نہیں کی

سچ سچ بتاؤ تم نے زبردستی سے تو حور سے نکاح نہیں کیا اور اگر ایسا ھے تو تمہیں ایسے نہیں کرنا چاہیے تھا احمد

میں نے یا موم ڈیڈ نے تمہاری تربیت ایسی تو نہیں کی تھی

فضا خفا خفا سی احمد سے پوچھ رہی تھی جبکہ فروز بت بنا سب کچھ بس سن رہا تھا مگر بولنے کی ہمت نہیں ھو رہی تھی

وہ تو خوش ھو رھا تھا کہ احمد حور سے شادی نہیں کر سکے گا اور پھر اسی غم میں مجنوں بنا پھرتا رھے گا

نا آفس پر دھیان دے گا اور نہ پراپرٹی سنبھالنے کے قابل رھے گا تو سب کچھ اس کا ہی رہ جائے

مگر یہ کیا ایسا تو کچھ بھی نہیں ھوا بلکہ وہ شادی کر کے آگیا اور خوش بھی پھر رہا ھے تو کیا یہ صرف اس کی حسرت رہ جائے گی کہ وہ اس ساری پراپرٹی کا واحد مالک ھو

بتاؤ احمد میری کیا صرف اتنی سی اہمیت ھے تمہارے نزدیک کہ تم مجھے کچھ بتا نہیں رھے

بولو احمد کیا یہ سب سچ ھے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

فروزاپنی ہی سوچوں میں گم تھا کہ اسے فضا کی آواز واپس ھوش میں لائ

نہیں آپی پلیز ایسامت سوچیں

آپ کو پتہ توھے کہ آپ کیا ھیں میری لیے

موم ڈیڈ کی ڈیتھ کے بعد ایک آپ ہی تو ھیں میرا واحد رشتہ جس سے میں اپنا ہر دکھ درد بیان کرتا ھوں

آپ کے علاوہ میرا ھے ہی کون

احمد بھرائی ہوئی آواز میں بولا

اور یہ سچ بھی تھا احمد صرف 12 سال کا تھا جب ان کے پیرنٹس ایک کار ایکسیڈنٹ میں اس دنیا میں انھیں اکیلا چھوڑ کر ہمیشہ کے لئے چلے گئے تب صرف فضا 18 سال تھی اور اس طرح اپنے سر سے ماں باپ کا سایہ اٹھ جانے سے بہت خوفزدہ بھی

تو فروز جو اس کے ساتھ یونیورسٹی میں پڑھتا تھا اس نے فضا کو شادی کی آفر کی اس خیال کے تحت کہ وہ ساری دولت کا خود مالک بن جائے گا کیونکہ احمد تو ابھی بچہ تھا وہ کہاں یہ سب سنبھال سکتا تھا

اور پھر فضا بھی کیونکہ خود مجبور تھی اس لئے فروز سے شادی کر لی کہ اس طرح اسے ایک محافظ مل گیا تھا

احمد میرے بچے آئی ایم سوری

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مجھے اس طرح تم سے بات نہیں کرنی چاہیے تھی لیکن میں اچانک اس طرح حور کو دیکھ کر بہت شوکڈ ھو گئ تھی اور پتہ نہیں کیا کیا بول گئی

میں بہت شرمندہ ھوں

فضا شرمندگی سے بولی جبکہ احمد جلدی سے بولا

کوئی بات نہیں آپی

میں جانتا ھوں کہ آپ کے دل میں میری شادی کے لئے بہت سے ارمان ھیں اس لئے آپ تھوڑی سی غصہ کر گئیں لیکن اب کیونکہ شادی تو ھو چکی ھے تو اس لئے آپ وہ سب ارمان میرے ولیمے پر پورے کر لیں

احمد شرارت سے بولا تو فضا بھی مسکرانے لگی

چلیں اب کچھ کھانے کو تو دے دیں

سچ میں بہت بھوک لگی ہے

احمد نے مسکین سی شکل بنائی تو فضا اس کے سر پر چت لگا کر کی کچن میں چلی گئی

وہ فضا کو سیٹی کرنا چاہتا تھا تا کہ وہ اس سے کوئی سوال جواب نہ کرے اور اسے جھوٹ نہ بولنا پڑے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Wajah Tum ho| By Malisha Rana (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور سچ وہ بتانا نہیں چاہتا تھا

اور اب کیونکہ وہ اپنے مقصد میں کامیاب ھوگیا تھا اس لئے خوشی خوشی وہ بھی فضا کے پیچھے چل پڑا

حور احمد کے بتائے ہوئے کمرے میں داخل ھوئ اور کمرے کا جائزہ لینے لگی

ایک درمیانے سائز کا بہت صاف ستھرا اور خوبصورت سا کمرہ تھا حور نے سب سے پہلے روم لوک کیا اور پھر جا کر بیڈ پر گر سی گئی

کیا کیا سوچا تھا اس نے اپنی زندگی کے بارے میں

مگر ھوا کیا

حمزہ کا ڈر کر اسے احمد کے حوالے کر دینا

لوگوں کی باتیں اس پر لگائے الزامات

اور سب سے بڑھ کر اسے مزمل صاحب کا رویہ یاد آ رھا تھا

کیوں بابا آپ نے بھی مجھے چھوڑ دیا اور اس گنڈے کے حوالے کر دیا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیوں کیا آپ نے ایسا بابا

کیوں

حور پھوٹ پھوٹ کر رو پڑی اور مزمل صاحب سے شکوے کرنے لگی مگر اس وقت اسے سننے والا کوئی بھی نہیں تھا وہ اچانک خود کو بہت اکیلا محسوس کر رہی تھی

اور پھر اسی طرح روتے روتے وہ گہری نیند میں سو گئی وہ ایسی ہی تھی جب بھی ٹینشن میں ھوتی تو گہری نیند میں سو جاتی اس طرح وہ خود کو ریلیکس کرتی تھی

اور اب بھی کر رہی تھی

احمد نے پیٹ بھر کر کھانا کھایا اور حور کے لئے ٹرے میں کھانا رکھ کر اپنے کمرے کی طرف چل پڑا

جبکہ فروز کی تو مانو بھوک ہی مر گئی تھی اسی لئے تھوڑا سا کھانا زبردستی کھایا اور اپنے کمرے میں چلا گیا

اپنے کمرے کے باہر پہنچ کر جیسے ہی احمد نے دروازہ کھولنے کی کوشش کی تو ناکامی کا سامنا کرنا پڑا کیونکہ دروازہ اندر سے لوکڈ تھا

اف حور

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

احمد نے زیر لب حور کا نام لیا اور ٹرے کو سامنے رکھے ٹیبل پر رکھ کر فضا کے پاس اپنے روم کی چابی لینے آگیا

جو اس وقت برتن سمیٹ رہی تھی

آپی میرے روم کی چابی کہاں پڑی ھے

احمد تیز لہجے میں بولا تو فضا نے عجیب سی نظروں سے اس کے چہرے کی طرف دیکھا

اور پھر بولی

میرے کمرے میں بیڈ کے پاس پڑی سائیڈ ٹیبل کے دراز میں ھے تمہارے کمرے کی چابی

فضا غور سے احمد کے چہرے کا جائزہ لے رھی تھی جیسے اس کا ذہن پڑھنے کی کوشش کر رہی ھو

اوکے تھینک یو

احمد نے جلدی سے کہا اور فضا کے کمرے کی طرف چل پڑا

احمد جب فضا کے کمرے میں داخل ھوا تو فروز احمد کو دیکھ کر سونے کا ڈرامہ کرنے لگا

جبکہ احمد کو اس بات سے کوئی غرض بھی نہیں تھی

اس نے تو جلدی سے چابی اٹھائی اور اپنے کمرے کا دروازہ کھولنے لگا پھر دروازہ کھلتے ہی باہر پڑی کھانے کی

ٹرے اٹھائی اور کمرے میں داخل ھو گیا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مگر یہ کیا

حور تو آرام سے بیڈ کے بالکل درمیان میں وہی دلہن کے کپڑوں میں سو رہی تھی

اور سب سے بڑھ کر حور احمد کے فیورٹ پلو جس پر دو بلو آ یز بنی ھوئی تھیں اسے ہگی دے کر سو رہی تھی

یہ پلو احمد نے حور کی آنکھوں کو جب دیکھا تھا تب لیا تھا اور اسے روزانہ وہ خود ہگ کر کے سوتا تھا

احمد نے حور کو دیکھا تو ایک ہلکی سی مسکراہٹ اس کے چہرے پر آگئی

پھر اس نے کھانا واپس لے جا کر کچن میں رکھا اور خود کمرے میں واپس حور کے پاس آگیا

کوئی بات نہیں حور تم میرے پلو کو ہگ کر کے سو رہی ھو تو میں تمہیں ہگ کر کے سو جاتا ھوں کیونکہ ویسے تو مجھے نیند نہیں آے گی

احمد شرارت سے بولا اور پھر حور کو ہگ کر کے سو گیا جبکہ حور بھی گہری نیند میں تھی اس لئے اسے احمد کے ہگ کرنے سے کوئی فرق نہیں پڑا

مزمل ہمیں حور کے پاس جانا چاہیے پتہ نہیں میری بچی کس حال میں ھوگی

آپ کیسے حور کو اس لڑکے کے ساتھ بھیج سکتے ھیں

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Wajah Tum ho| By Malisha Rana (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کتنا خطرناک ہے وہ اسلحہ رکھتا ھے اپنے پاس

اگر اس نے حور کو کوئی نقصان پہنچا دیا تو

آپ پلیز میری بچی کو گھر واپس لے آئیں

صبا بیگم صبح سے مزمل صاحب سے ایک ہی بات کی ضد کر رہی تھی کہ وہ حور کو یہاں واپس لے آئیں

رات کو تو ان کے گھر میں ایک ماتم سا پھیلا ہوا تھا کسی کو کسی کا ھوش نہیں تھا بس سب اپنی اپنی سوچوں میں گم تھے

اور یہ حال صرف صبا بیگم اور مزمل صاحب کا ہی تھا کیونکہ ناہید بیگم اور حمزہ تو یہاں سے جلد از جلد نکلنے کی تیاریوں میں مصروف تھے

نہیں صبا

میں حور کو یہاں نہیں لا سکتا کیونکہ حور اب اس لڑکے کی بیوی بن چکی ھے اب ہمارا حور پر کوئی حق نہیں رھا اور اسی وجہ سے میں نے کل حور کو جانے سے نہیں روکا

مزمل صاحب ٹوٹے ھوئے انداز میں بول رھے تھے جیسے اپنا سب کچھ ھار چکے ھوں

لیکن مزمل اگر وہ ہماری حور پر ظلم و ستم کر رھا ھوا تو

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Wajah Tum ho| By Malisha Rana (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

صبا بیگم نے اپنا خدشہ ظاہر کیا

آپ کو ایک دفعہ تو جا کر دیکھنا چاھیے

ھاں تم ٹھیک کہ رہی ھو

مجھے جانا

مزمل میں اور حمزہ ابھی واپس ملتان جا رھے ھیں تو سوچا کہ تمھیں بتا دو

مزمل صاحب ابھی بول ہی رھے تھے کہ ناہید بیگم اچانک وہاں آ کر بولیں

کیونکہ ہمیں کوئی شوق نہیں ھے یہاں ذلیل و خوار ھونے کا اور مزنے کا

بھئی ہمیں اپنی جان بہت عزیز ھے اور وہ گنڈا تو میرے معصوم سے بیٹے کی جان کا دشمن بنا ھوا ھے

تو اس لئے ہم جا رھے ھیں اور تم بھی ہم سے دوبارہ کوئی رابطہ رکھنے کی کوشش مت کرنا

اللہ حافظ

ناہید بیگم نے ایک ہی سانس میں اپنی بات مکمل کی اور بغیر مزمل صاحب کا جواب سنے گھر سے باہر نکل گئیں

ناہید بیگم کے نکلتے ہی حمزہ بھی بغیر کچھ بولے وہاں سے چلا گیا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جبکہ مزمل صاحب شوکڈ سے یہ سمجھنے کی کوشش کر رہے تھے کہ کوئی اتنا خود غرض کیسے ھو سکتا ھے

فضا جب تمام کام سمیٹ کر اپنے کمرے میں سونے کے لئے آئی تو فروز بیڈ سے ٹیک لگائے بیٹھا اسی کا انتظار کر رہا تھا

فروز آپ ابھی تک جاگ رہے ھیں میں نے تو سوچا کہ آپ سو گئے ھوں گے

فضا آہستہ آہستہ چلتی بیڈ تک آئی اور پھر بیٹھ کر بولی

ھاں وہ مجھے تم سے ایک ضروری بات کرنی تھی

فروز نے چہرے پر پریشانی کے تاثرات سجائے جیسے اس وقت وہ پتہ نہیں کتنی بڑی بات کرنے والا ھے

ھاں فروز بولیں

ایسی بھی کیا بات ھے جو آپ اتنے پریشان ھیں

فضا جلدی سے بولی

تو فروز نے ایک لمبی سانس کھینچی اور پھر بولا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ فضا مجھے لگتا ھے کہ احمد اس لڑکی کو زبردستی شادی کرکے لایا ھے تم نے دیکھا نہیں وہ لڑکی کتنی اپ سیٹ تھی اور یوں اچانک شادی کس کی ھوتی ھے مطلب احمد گیا اور حور کو گھر لا کر کہا کہ یہ میری بیوی ھے میں اسے شادی کرکے لایا ھوں

تمہیں تو احمد نے اپنی باتوں میں الجھا کر یہ یقین دلوادیا کہ حور بھی اس شادی سے خوش ھے مگر اصل میں ایسا کچھ بھی نہیں ھے

تمہیں تو کچھ نظر نہیں آتا مگر میں نے دیکھا ھے حور کی تکلیف کو

یار ایسے تھوڑی ھوتا ھے احمد حور کی زندگی برباد کررھا ھے اور ہم احمد کا ساتھ دے کر حور کے ساتھ زیادتی

یار یہ تو انصاف نہیں ھے

فروز بات کو گما پھیرا کر بیان کررھا تھا کہ فضا کو قائل کرسکے

جبکہ فضا نے غور سے ساری بات سنی اور پھر بولی

فروز آپ کو کیا لگتا ھے مجھے کچھ نظر نہیں آتا یا محسوس نہیں ھوتا

یا پھر میں نے احمد کی بات کا یقین کرلیا ھے

وہ بھائی ھے میرا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس کی رگ رگ سے واقف ھوں میں

مجھے پتہ ھے کہ احمد نے حور سے زبردستی نکاح کیا مگر میں اسے اس قدر خوش دیکھ کرچپ کر گئ

اور ویسے بھی اب تو نکاح ھو چکا ھے تو ان سب باتوں کا کوئی مطلب نہیں ھے رہ گئی حور کی ناراضگی تو وہ بھی

ختم ھو جاے گی کیونکہ احمد اس سے بہت محبت کرتا ھے

فضا نے حور کا روم لوک کرنے کے بارے میں سوچتے ھوئے کہا

اب آپ زیادہ سوچنا چھوڑیں اور سو جائیں

ویسے بھی یہ ان میاں بیوی کا معاملہ ھے ہمیں اس میں انٹرفیر نہیں کرنا چاھیے

فضا نے اپنی بات کی اور لیٹ کر سونے کی کوشش کرنے لگی جبکہ فروز سوچنے لگا کہ وہ صبح خود حور سے بات

کرے گا اور اسے احمد سے الگ ھونے کا کہے گا اسے اس بات کا یقین دلاے گا کہ وہ حور کے ساتھ ھے اور اس

کا ساتھ دے گا

صبح جب حور کی آنکھ کھلی تو اسے اپنی کمر پر کسی قسم کا بوجھ سا محسوس ھوا جب اس نے غور سے دیکھا تو خود کو

احمد کے سینے پر لیٹے ھوئے پایا جبکہ احمد کے ھاتھ اس کی کمر پر تھے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حور کو احمد کا اس قدر نزدیک آنا شدید قسم کے تیش میں مبتلا کر گیا تو وہ غصے میں احمد کے ھاتھوں کو جھٹک کر اٹھ گئی اور بیڈ سے کافی فاصلے پر جا کر کھڑی ھو گئی

اس کے اس طرح کرنے سے احمد بھی نیند سے جھاگ کر حور کے سرخ چہرے کو غور سے دیکھنے لگا کہ آخر اسے اچانک ھوا کیا ھے جو اس طرح سے برتاؤ کر رہی ھے

کیا کر رھے تھے تم میرے ساتھ اور

اور

ایک سیکنڈ دروازہ تو میں نے لوک کیا تھا تو تم اندر کیسے آے

حور نے جب احمد کو خود کو گھورتے ھوئے پایا تو تپ کر بولی جبکہ احمد کا اس ایک بات سے سارا غصہ جو حور کی اس حرکت سے آیا تھا ختم ھو گیا تو وہ حور کو شوخ نظروں سے دیکھ کر مسکرانے لگا

ارے

میں نے ایسا بھی کیا کر دیا حور

ہگ ہی تو کیا تھا وہ بھی اس لئے کیونکہ تم میرے پلو کو ہگ کر کے سو رہی تھی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جو مجھے بہت بہت زیادہ عزیز ھے اور مجھے ویسے نیند نہیں آتی جب تک میں اپنے پلو کو ہگ نہیں کرتا تو کیوں کہ پلو تو تمہارے پاس تھا اس لئے میں تمہیں ہگ کر کے سو گیا

اب اس میں میرا تو کوئی قصور نہیں ھے نا حور

احمد نے چہرے پر دنیا بھر کی معصومیت سجائی جبکہ حور نے نفرت سے احمد کو دیکھا اور باتھ روم میں جا کر بند ھو گئی

ارے حور سنتی تو جاؤ کہ میں روم میں کیسے آیا

احمد نے اونچی آواز میں کہا مگر حور آگے سے کچھ نہیں بولی جس سے صاف ظاہر تھا کہ وہ احمد کی بات کو اتنی اہمیت ہی نہیں دیتی کہ اس کا جواب دے

ھائے حور

کتنی پیاری ھو نا تم

ایویں تو نہیں تم سے محبت ھو گئی

احمد زیر لب بول کر مسکرایا اور پھر اٹھ کر باتھ روم کے پاس جا کر ہلکا سا نوک کیا

حور میری جان

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ناراضگی اپنی جگہ مگر اندر باتھ روم میں تمہارے کپڑے ہینگ کیے ھیں وہ پہن کر آ کر ناشتہ کر لو

رات کو بھی خالی پیٹ سو گئی تھی اب میں باہر جا رھا ھوں جوگنگ کرنے کے لئے تو تم بھی تیار ھو جاؤ پھر اکھٹے ناشتہ کریں گے

احمد نے ایک دن پہلے ہی حور کے لئے کچھ شاپنگ کر لی تھی کیونکہ وہ یہ تو جانتا تھا کہ حور کو ادھر ہی آنا ھے اور

جس حالات میں وہ لانے والا تھا تب حور نے خالی ھاتھ ہی آنا تھا

اس لئے ان سب چیزوں کا انتظام وہ پہلے ہی کر چکا تھا

____

حور نے احمد کی بات غور سے سنی اور پھر مڑ کر ہینگ کیے ھوئے کپڑوں کو دیکھا

ایک بلیک کلر کا بہت خوبصورت سا فراک تھا جس پر ہلکا سا ڈیزائن کیا گیا تھا

اب جو بھی تھا حور خود اس ہیوی ڈریس کو اتارنا چاہتی تھی اس لئے جلدی سے شاور لیا اور احمد کے لائے گئے

کپڑوں کو پہن کر باتھ روم سے باہر نکل گئی

دوپٹہ اس نے لے جا کر بیڈ پر رکھ دیا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور خود اپنے نم بالوں کو ٹاول سے رگڑ کر خشک کرنے لگی کہ اچانک فروز بغیر نوک کیے کمرے میں داخل ھو گیا اور حور کو بغیر دوپٹے کے دیکھ کر دیکھتا ہی رہ گیا

جبکہ حور نے فروز کو خود کو گھورتے ھوئے دیکھا تو بھاگ کر اپنا دوپٹہ اٹھا کر گلے میں ڈال کر سر پر لے لیا اور پھر غصے سے بولی

آپ کو سینس نہیں ھے کہ کسی کے کمرے میں داخل ھونے سے پہلے نوک کرتے ھیں

حور کے اس طرح بولنے سے فروز واپس ھوش میں آیا اور بغیر کچھ بولے وہاں سے چلا گیا

ایک سے بڑھ کر ایک سینس لیس ھیں

اس گھر میں

حور منہ بنایا اور جا کر دروازہ لوک کر دیا

جبکہ فروز جو حور کو احمد کے خلاف بھڑکانے آیا تھا کہ وہ احمد کو چھوڑ کر اس گھر سے ہمیشہ کے لئے چلی جائے اب خود حور کے حسن کو دیکھ کر اپنا ارادہ بدل دیا

فضا نے جلدی سے ناشتہ تیار کیا اور حور کو بلانے کے لئے اس کے کمرے کی طرف چل پڑی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کون

فضانے دروازہ نوک کیا تو حور کی اندر سے آواز آئی

میں ھوں حور فضا

احمد کی بڑی بہن

فضا جلدی سے بولی تو حور نے فضا کی آواز سن کر دروازہ کھول دیا

اسلام و علیکم آپی

حور نے نرم لہجے میں سلام کیا

اب جو بھی ھوا تھا اس میں فضا کی تو کوئی غلطی نہیں تھی وہ تو خود حیران ھوئی تھی حور کو دیکھ کر یہ تو حور رات کو دیکھ چکی تھی

اور ویسے بھی حور کی تربیت اسے اس بات کی اجازت نہیں دیتی تھی کہ وہ فضا سے بد تمیزی کرے

اس لئے اب حور فضا سے محبت سے بات کر رہی تھی

ماشاءاللہ بہت پیاری لگ رہی ھو

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بھئی مان گئی احمد کی چوائس کو

ایویں تو نہیں تم سے اتنی محبت کرتا

فضا مسکرا کر بولی جبکہ حور نے احمد کے ذکر پر منہ بنالیا

وہ اصل میں حور ناشتہ تیار ھو چکا ھے تو تم آکر ناشتہ کرلو بس اسی لئے میں تمہیں بلانے آئی تھی

فضا حور کے رویئے کو دیکھ کر کافی ریلیکس ہوگئی تھی کہ وہ فضا سے ناراض نہیں ھے مگر اس بات کو بھی جان چکی تھی کہ حور احمد کی بات پر چڑ چکی ہے

جی آپی آپ چلیں میں ابھی آتی ھوں

حور ہلکی سے مسکراہٹ کے ساتھ بولی تو فضا بھی مسکرا کر چلی گئی جبکہ حور نے جاکر اپنے بالوں کو کیچر میں جکڑا اور اچھے سے دوپٹہ لپیٹ کر باہر چل پڑی

احمد جاگنگ کے بہانے مزمل صاحب کے گھر گیا اور دروازہ نوک کیا

کچھ دیر بعد صبا بیگم نے دروازہ کھولا تو احمد کو دیکھ کر حیران رہ گئیں

اسلام وعلیکم آنٹی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیا حال ھے آپ کا

کچھ دیر تک تو صبا بیگم حیرانگی سے بس احمد کو ہی دیکھی گئیں پھر احمد کے مخاطب کرنے سے ہڑ بڑا کر ھوش میں آکر بولیں

ھاں

آپ باہر کیوں کھڑے ھو بیٹے

اندر آؤ

مزمل دیکھیں کون آیا ھے

صبا بیگم مزمل صاحب کو پکارتی ھوئی احمد کو ھال کمرے میں لے کر آئیں اور صوفے پر بیٹھا دیا

اب جو بھی تھا احمد ان کی اکلوتی بیٹی کا شوہر تھا

جی آنٹی وہ میں آپ سے کچھ بات کرنا چاہتا تھا اور معافی بھی مانگنا چاہتا تھا

احمد ابھی بات کر ہی رھا تھا جب مزمل صاحب بھی احمد کے پاس آکر بیٹھ گئے

اسلام و علیکم انکل

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

احمد نے مزمل صاحب کو دیکھ کر سلام کیا

وعلیکم السلام بیٹے

کیا حال ھے آپ کا اور حور کیسی ھے

جانتا ھوں بہت ناراض ہو گی مجھ سے

میں آنے والا تھا آپ کے گھر حور سے ملنے کے لئے مگر پھر آپ کے گھر کا ایڈریس نہیں پتہ تھا

مزمل صاحب آہستہ آہستہ تحمل سے بات کر رہے تھے جبکہ احمد بس سر جھکائے ہوئے مزمل صاحب کی بات سن رھا تھا

وہ انکل اصل میں میں آپ دونوں سے معافی مانگنے آیا ھوں مجھے اس طرح سے نہیں کرنا چاھیے تھا

لیکن انکل میں کیا کرتا

میں بہت زیادہ محبت کرتا ہوں حور سے

میں کیا کروں انکل یہ میرے بس میں نہیں ھے

میں حور کو کھو نہیں سکتا تھا میں نے بھیجا تھا آپی کو آپ کے گھر رشتے کے لئے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مگر آپ نے کہا دیر ھو گئی ھے حور کا نکاح ھو رھا ھے

تو تو مجھے یہی راستہ بہتر لگا

اس طرح حور آج میرے نکاح میں تو ھے نا

آئی ایم سوری انکل

میرے اس طرح کرنے سے آپ کی بہت بدنامی ھوئی

بہت سی باتیں برداشت کرنی پڑیں آپ کو

میں جانتا ہوں کہ سوری لفظ بہت چھوٹا ھے ان سب باتوں کے بدلے میں

مگر پھر بھی اگر ھو سکے تو مجھے معاف کر دیں

آئی پرومس انکل

میں حور کو بہت خوش رکھوں گا

اور آپ نے دیکھا نا انکل وہ حمزہ

کس طرح اس نے حور کو چھوڑ دیا تھا صرف اپنی زندگی کی خاطر

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ بھی صرف میں نے دھمکی دی تھی اب آپ خود سوچیں انکل جو شخص حور کی حفاظت تک نہ کر سکے وہ حور کے لئے بہتر کیسے ھو سکتا ھے

میری ان سب باتوں کا مقصد صرف یہ ہے کہ آپ پلیز مجھے معاف کر دیں اور حور سے ملنے کے لئے آجائیں وہ بہت دکھی ھے بہت مس کر رہی ھے آپ کو

اور میں یہاں آیا بھی آپ کو لینے کے لئے ھوں

آپ دیکھیئے گا کہ حور کتنی خوش ھو گی آپ دونوں کو دیکھ کر

پلیز چلیں میرے ساتھ میں باہر گاڑی میں آپ کا ویٹ کر رھا ھوں

احمد نے مسکرا کر کہا اور باہر نکل گیا جبکہ مزمل صاحب ابھی تک احمد کی باتوں پر غور کر رھے تھے کہ اچانک صبا بیگم کے بلانے پر ھوش میں آئے

ھاں کیا کہا تم نے

مزمل صاحب کے کہنے پر صبا بیگم دوبارہ بولیں

مزمل مجھے احمد کی محبت پر یقین ھے آپ نے دیکھا نہیں وہ صرف حور کی خوشی کے لئے آج ہمارے پاس آ کر معافی مانگ رھا ھے اور ہمیں اپنے ساتھ لے جانے آیا ھے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور سب سے بڑھ اس کی محبت دیکھی آپ نے

وہ مخلص ھے حور کے لئے تبھی تو شادی کی ھے

صبا بیگم نے مزمل صاحب کو سمجھانا چاہا مگر وہ تو پہلے ہی احمد کی کھری محبت پر یقین کر چکے تھے

تبھی ہلکے سے مسکراتے ہوئے بولے

چلو صبا احمد ہمارا ویٹ کر رھا ھے

مزمل صاحب اٹھ کر باہر چلنے لگے تو صبا بیگم بھی گھر کو لوک کر کے گاڑی میں آ کر بیٹھ گئیں

حور کھانے کے ٹیبل پر آ کر بیٹھی تو فروز وہاں پہلے سے ہی موجود تھا جبکہ فضا شاید کیچن میں کچھ لینے گئی تھی

یعنی فروز کو تو موقع مل گیا حور کو گھورنے کا

جب حور نے غور کیا کہ فروز کافی دیر سے اسے گھور رہا تھا تو غصے سے بولی

بھائی صاحب کوئی مسلہ ھے آپ کو

جو مجھے اس طرح گھورے جا رھے ھیں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور ویسے بھی کھانا ٹیبل پر موجود ھے تو کھانے پر فوکس کریں

مجھ پر نہیں

حور نے بغیر کسی لحاظ کے فروز کو کھری کھری سنا دیں جبکہ فروز کو اپنی بے اختیاری پر بہت غصہ آیا کہ اگر فضا یا پھر احمد اسے اس طرح دیکھ لیتے تو اس کے لئے مشکل پیدا ھو سکتی تھی

اس لئے اپنا فوکس کھانے کی طرف کر کے چپ چاپ کھانا کھانے لگا

حور کو تو پہلے ہی فروز پر غصہ تھا کہ کس طرح وہ اس کے روم میں داخل ھو کر اسے گھور رہا تھا اور اب پھر اس کے گھورنے سے حور اپنے غصے کو کنٹرول نہ کر سکی اور فروز کو باتیں سنا دیں جبکہ فروز اپنے دماغ میں حور سے بدلا لینے کے پلان بنا رھا تھا

ارے حور تم کچھ کھا کیوں نہیں رہی

سوری وہ احمد صرف میرے ھاتھ کا کھانا کھاتا ھے تو اس لئے اس کا ناشتہ بنا رہی تھی

خیر تم ناشتہ شروع کرو

فضا اپنائیت بھرے لہجے میں بات کر رہی تھی جس پر حور کو صبا بیگم کی یاد آگئی

وہ بھی تو صرف صبا بیگم کے ھاتھ کا بنا کھانا کھلاتی تھی اور کسی کا نہیں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اسے ابھی بھی یاد تھا کہ ایک دفعہ صبا بیگم دوپہر کو اپنی ایک دوست کی طرف چلی گئیں تھی ان کے گھر میں کسی بچے کے عقیقے پر

تو وہ رضوانہ کو کھانے بنانے کا کہ گئیں تھیں مگر حور رات تک بھوکی رہی تھی جس پر صبا بیگم نے جلدی سے خود کھانا بنایا تو پھر حور نے کھانا کھایا

کیا ھوا حور

اگر کچھ اور کھانا ھے تو بتادو میں بنادیتی ھوں

حور نم آنکھوں سے صبا بیگم کو یاد کر رہی تھی کہ فضا کی آواز پر چونک کر اس کی طرف دیکھا

ارے حور بچے تم رو کیوں رہی ھو

کیا ھوا کسی نے کچھ کہا تمہیں

فضا جلدی سے اٹھ کر حور کے پاس آئی اور اسے اپنے گلے لگا کر بولی جبکہ فروز نے حور کو چونک کر دیکھا

کہیں یہ میرے دیکھنے کی وجہ سے تو نہیں رو رہی اور اگر اس نے احمد یا فضا کو بتادیا تو)

نہیں نہیں

میں نے کچھ غلط تو نہیں کیا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

(پھر میں کیوں ڈروں

فروز اپنی سوچ کو جھٹک کر دوبارہ حور کی طرف دیکھنے لگا کہ وہ کیا جواب دیتی ھے

انکل آنٹی کی یاد آرہی ھے تمیں

فضا آہستہ آہستہ حور کی کمر کو سہلا رہی تھی

و۔۔۔وہ

حور دیکھو کون آیا ھے

حور ابھی ہقلا کر بولنے کی کوشش کر رہی تھی کہ احمد کی آواز سنائی دی تو حور کی نظر باہر حال میں کھڑے احمد پر پڑی جبکہ احمد کے پیچھے کھڑے مزمل صاحب اور صبا بیگم کو حور بغیر پلکیں جھپکائے دیکھے گئ

ماما بابا حور نے زیر لب کہا اور بھاگ کر مزمل صاحب کے سینے سے لگ گئ

کیوں بابا

کیوں آپ نے مجھے جانے دیا اور روکا نہیں

آپ نے ایک بار بھی نہیں سوچا کہ میرا کیا ھوگا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیسے رھوں گی میں آپ کے بغیر

میں آپ سے بہت ناراض ھوں بابا

حور مسلسل رو کر مزمل صاحب سے شکوہ کر رہی تھی جبکہ باقی سب کچھ فاصلے پر کھڑے ان دونوں کو دیکھ رھے تھے

حور بیٹے آپ کی ماما بھی ادھر ہی ھیں مگر لگتا ھے آپ ان سے ملنا نہیں چاہتی

صبا بیگم نے حور کو جتانا ضروری سمجھا تو حور مزمل صاحب سے الگ ھو کر مسکرا کر صبا بیگم کے پاس آئی جس سے صبا بیگم نے اسے گلے لگا لیا

انکل آنٹی آپ کھڑے کیوں ھیں پلیز بیٹھیں میں ابھی تھوڑی دیر میں آتی ھوں فضا کہ کر کچن میں چلی گئی

جبکہ احمد انھیں صوفوں پر بیٹھانے لگا

آپ بیٹھیں میں ابھی فریش ھو کر آتا ھوں

احمد نے مسکرا کر کہا اور ایک نظر حور کے مسکراتے ہوئے چہرے پر ڈال کر اوپر اپنے کمرے میں چلا گیا

بیٹے میں جانتا ھوں آپ مجھ سے بہت ناراض ہو

مجھے اس طرح نہیں کرنا چاہیے تھا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پلیز اپنے بابا کو معاف کردو

مزمل صاحب نے حور کو دیکھ کر کہا تو حور نے جلدی سے بولی

بابا پلیز ایسے مت کہیں

میں مانتی ھوں کہ مجھے آپ سے تھوڑی ناراضگی تھی مگر اب وہ بھی ختم ھو گی آپ کے یہاں آنے سے

حور نے مسکرا کر کہا تو مزمل صاحب بھی مطمئن ہو گئے

بیٹے آپ کو پتہ ھے کہ احمد ابھی ہمارے پاس

چلی آجائیں سب ناشتہ ریڈی ھے

ابھی صبا بیگم بات کر رہی تھیں کہ فضا آکر انہیں ناشتہ کا بتانے لگی

چلیں ماما بابا جلدی سے چلیں

سچ میں بہت بھوک لگی ھے حور جلدی سے اٹھ کر مزمل صاحب کو اٹھانے لگی تو وہ بھی مسکرا کر حور کے ساتھ چل پڑے

کتنی خوش ھو گئ تھی وہ انہیں یہاں دیکھ کر جیسے دنیا فتح کر لی ھو

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

احمد ناشتے کے دوران بھی بار بار حور کو دیکھے جا رہا تھا جبکہ حور احمد کو مکمل اگنور کر رہی تھی

خوش گوار ماحول میں ناشتہ کیا گیا پھر مزمل صاحب اور صبا بیگم حور سے مل کر اور فضا کو اپنے گھر کھانے پر انوایٹ کر کے واپس چلے گئے

تو حور بھی فضا کے پاس جا کر بیٹھ گئی یعنی پھر احمد کو نظر انداز کر رہی تھی جبکہ احمد بھی تیار ھو کر آفس چلا گیا

یہ سوچ کر کے حور سے تو وہ رات کو نمٹے گا

احمد کے آفس جاتے ہی حور اٹھی اور اپنے کمرے میں آرام کرنے کی غرض سے چلی گئی کیونکہ فضا بھی لوگوں کی ایک لسٹ بنا کر انھیں احمد اور حور کے ولیمے کے لئے کال کر کے انوایٹ کر رہی تھی یعنی حور کا اب وہاں کوئی کام نہیں تھا

حور جیسے ہی بیڈ پر لیٹی تو اس کی نظر احمد کے فیورٹ پلو پر پڑی

حور نے بے اختیاری میں وہ پلو اٹھایا اور اسے غور سے دیکھنے لگی کہ آخر ایسی بھی کیا بات ھے اس میں

اوہ تو مسٹر ڈون

بلو آیز کے دیوانے ھیں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس وجہ سے چپکو میرے بھی پیچھے پڑ گئے

پڑ گئے

یہ میں کیا بول گئی

میں اس چپکو کو آپ کہ رہی ھوں

نہیں نہیں نہیں وہ اس قابل نہیں ھے لیکن اب تو وہ میرا شوہر ھے اگر عزت نہیں دوں گی تو اللہ ناراض ھوں گے

اور اگر اسے عزت دے دی تو پتہ نہیں کیا سمجھ بیٹھے گا پہلے ہی اتنا سر چڑھا ھوا ھے

اف کیا کروں اب میں

حور بیڈ پر گر کر سوچنے لگی

ھااا

ھاں باقی سب کے سامنے آپ کہ لوں گی کہ مجھے بد تمیز نہ سمجھیں مگر اکیلے میں اس چپکو کو تم کہوں گی

ھاں یہ ٹھیک ہے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حور نے خود کو داد دی

پیارا تو ھے ویسے یہ پلو مگر اب سے میرا ھے

بڑا آیا

اس کے بغیر مجھے نیند نہیں آتی

حور نے احمد کی نقل اتارتے ہوئے کہا

اب سونا اس کے بغیر کیونکہ پلو تو اب سے میرے پاس رھے گا

حور نے پلو کو اچھے سے اپنے سینے سے لگا یا اور سونے کی کوشش کرنے لگی

احمد نے کچھ دیر آفس کا کام کیا مگر دھیان سارا حور کی طرف جا رھا تھا

احمد نے گھڑی میں ٹائم دیکھا تو شام کے چار بج رھے تھے

بس بڑا کر لیا کام اب تم سے ملاقات کا وقت ھو گیا ھے

احمد نے جلدی سے اپنا لیب ٹاپ اٹھایا اور آفس سے باہر نکل کر گاڑی سٹارٹ کر کے اپنے گھر کی طرف موڑ لی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ابھی وہ اپنے کمرے میں داخل ہی ھوا تھا کہ اسے حور بیڈ پر بڑے آرام سے اس کے پلو کو ہگ کر کے سوئ ھوئی دیکھائی دی

واہ میڈم

بڑی نیندیں آرہی ھیں آپ کو

احمد بولتے ھوئے آہستہ سے چل کر حور کے پاس آیا اور اس کے چہرے پر آے ھوئے بالوں کو ہٹانے لگا

